# BRAMPTON Service and Information Update

19 اپریل 2023

## موبائل بزنس کی تجدید اور لائسنس کے حصول کی سہولت اب آن لائن دستیاب ہے

برامپٹن، آن – موبائل بزنس ڈرائیور اور آپریٹرز اب اپنے لائسنس اور گاڑی کی پلیٹوں کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں اور اس کی بھی تجدید کروا سکتے ہیں۔

سٹی آف برامپٹن ہر سال تقریباً 1,500 ڈرائیور/آپریٹر لائسنسوں کے لیے لائسنس جاری کرتا ہے یا ان کی تجدید کرتا ہے اور ہر سال تقریباً 1,200 گاڑیوں کے لیے پلیٹیں جاری یا ان کی تجدید کی جاتی ہے۔

سٹی آف برامپٹن میں کام کرنے کے لیے، درج ذیل موبائل کاروباروں کو موجودہ طور پر لائسنس اور گاڑی کی پلیٹ کی ضرورت ہے:

- لیموزین
- ٹوء ٹرک
- ڈرائیونگ اسکولوں کی گاڑیاں
- ٹیکسی
- ریفریشمنٹ کی گاڑیاں

لائسنسنگ انفورسمنٹ ٹیم اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ لائسنس جاری ہونے سے پہلے گاڑیاں اور ڈرائیور، سٹی کے موبائل لائسنسنگ کے ضمنی قانون کے تحت معیار پر پورا اترتے ہوں۔ ان میں موٹر گاڑیوں کے حفاظتی معائنہ جات، مجرمانہ/MTO چیک اور انشورنس شامل ہیں۔

موبائل ڈرائیور/آپریٹر کے لائسنس اور گاڑی کی پلیٹیں موبائل لائسنسنگ بائی لاء 2014-67 کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے جاری کی جاتی ہیں۔

لائسنس اور گاڑی کی پلیٹوں اور تجدید کی درخواستیں اب صرف آن لائن طور پر مکمل کی جانے والی درخواستوں کے عمل کے ذریعے ہی قبول کی جائیں گی۔ فلاور سٹی کمیونٹی کیمپس (8850 مک لافلن روڈ ساؤتھ، یونٹ 2، برامپٹن آن L6Y 5T1) میں موجود کیوسک ایسے رہائشیوں کی خدمت کے لیے دستیاب ہیں جن کے پاس کمپیوٹر تک رسائی کی سہولت موجود نہیں ہے۔

لائسنس کے لیے درخواست دینے یا تجدید کروانے کے لیے ملاحظہ کریں: ای فارم (brampton.ca)

آن لائن طور پر پلیٹوں کی درخواست دینے یا تجدید کروانے کے لیے ملاحظہ کریں: ای فارم (brampton.ca)

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca